# 34748 ـ خاوند اور بیوی کے مابین اختلاف ہونے کی صورت میں بیوی کا فطرانہ ادا کرنا

**سوال**

اگر خاوند اور بیوی کے مابین اختلافات ہوں تو کیا خاوند کے لیے بیوی کا فطرانہ ادا کرنا ضروری ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہر شخص پر اپنا اور جس کا خرچ اس کے ذمہ ہے اس کا فطرانہ ادا کرنا واجب ہے، اور اس میں بیوی بھی شامل ہے، کیونکہ بیوی کا خرچ خاوند کے ذمہ واجب ہے، اس لیے اگر خاوند اور بیوی کے مابین شدید قسم کا اختلاف ہو اور اس کے تقاضا میں بیوی نافرمان شمار ہوتی ہو اور اس کا خرچ ساقط ہو جائے تو اس صورت میں خاوند بیوی کا فطرانہ ادا نہیں کریگا کیونکہ یہ فطرانہ بھی اس خرچ کے تابع تھا اس لیے خرچ ساقط ہونے کی وجہ سے خاوند بیوی کا فطرانہ بھی ادا نہیں کریگا.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.